# مسجد وزیر خان کی بے حرمتی

حضور اکرم ﷺ کا ارشاد ہے: ’’أَحَبُّ الْبِلَادِ إِلَی اللّٰہِ مَسَاجِدُھَا‘‘ کہ روئے زمین پر سب سے محبوب جگہ مساجد ہیں اور مسجد کی ظاہری و باطنی تعمیر اور آبادی اہلِ ایمان ہی کرتے ہیں۔ مساجد میں بو والی چیزوں کو کھا کر آنے سے منع کیا گیا ہے کہ اس سے نمازیوں اور فرشتوں کو ایذا ہوتی ہے۔ مشرکینِ مکہ کا یہ شیوہ تھا کہ وہ نماز کے وقت سیٹیاں اور تالیاں بجاتے تھے۔ ایک وقت تھا کہ متحدہ ہندوستان میں کافر لوگ بھی مساجد کا احترام کیا کرتے تھے، اپنا باجا وغیرہ مساجد سے کافی دور مسجد کے احترام میں بند کر دیا کرتے تھے اور آج ایسا وقت آ گیا کہ ہمارے اسلامی ملک میں بظاہر اپنے آپ کو مسلمان کہلانے والے مسجد میں نعوذ باللہ! گانے کی شوٹنگ اور رقص کر رہے ہیں اور محکمہ اوقاف کے کتنے بے حس، بے ضمیر اور بے حمیت افسران ہیں جو اُن کو مسجد وزیر خان میں اس بے ہودگی اور بے حیائی کا اجازت نامہ دے رہے ہیں۔

ہمارا مطالبہ ہے کہ اس واقعہ میں ملوث تمام لوگوں کو قانون کے مطابق سخت سزا دی جائے اور آئندہ کے لیے تمام مساجد میں ہر قسم کی فوٹوگرافی ممنوع قرار دی جائے، تاکہ اللہ تعالیٰ کے ان گھروں کا تقدُّس اور حرمت پامال نہ ہونے پائے۔

**وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقہٖ سیدنا محمد و علٰی آلہٖ و صحبہٖ أجمعین**

..... ❁ ..... ❁ ..... ❁ ....